© rasailojaraid.com

فرماتے ہیں:

''حضرت مولانا محمد نافع صاحب رحمۃ اللہ علیہ ان نابغہ روزگار شخصیات میں تھے جن کی نظیریں ہر دور میں گنی چنی ہوا کرتی ہیں۔علم وفضل کے اعلیٰ مقام کے باوجود انہوں نے جس طرح نام ونمود اور شہرت کے رائج الوقت طریقوں سے اجتناب کرتے ہوئے تواضع اور سادگی کے ساتھ زندگی گزاری، اپنے آپ کو علم وتحقیق کے لیے وقف رکھا وہ ان کے اخلاص، للّٰہیت، اور خدمتِ دین کی تڑپ کا مظہر ہے۔انہوں نے اپنی جان کھپا کر جو علمی اور تحقیقی شاہکار اپنی تصانیف کی شکل میں چھوڑی ہیں وہ امت کا عظیم سرمایہ ہیں۔''......بلا شبہ ''حیات نافع'' امت کے اس نابغہ عصر کے بارے میں مستند دستاویز ہے۔اہل ذوق کو اس کے مطالعے سے اغماض نہیں برتنا چاہیے۔

## ''طریقہ نماز میں اسوۂ رسول اکرم''

**تالیف: مولانا احسان اللہ رحیمی۔صفحات: 400۔ قیمت لکھی نہیں۔ طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: جامعہ نفیس المدارس، سید نفیس روڈ، کوٹ مراد خان قصور۔فون: 0321-6586741**

اس کتاب میں نماز کے فرائض، واجبات، سنن، نیز نماز تراویح، جمع وعیدین، نماز جنازہ، ایصال ثواب، نماز مسافر، شب براءت کا بیان مستند حوالہ جات کے ساتھ دیا گیا ہے۔مزید برآں ہر حاجت ومقصد کے لیے قرآنی دعائیں، مسنون دعائیں۔چہل درود شریف، مجرب وظائف بھی دیے گئے ہیں۔آغاز میں شیخ طریقت مولانا سید جاوید حسین شاہ صاحب مدظلہم اور مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہم کی تقریظات بھی دی گئی ہیں۔

## ''جنتی مرد''

**تالیف: مولانا مفتی عبدالقادر جیلانی۔صفحات، 340۔طباعت: مناسب۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، سید عمر فاروق چوک، شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون: 061-6775251**

مفتی عبدالقدار جیلانی فاضل مدرسہ عربیہ رائے ونڈ، متخصص فی علوم الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، متخصص فی الافتاء جامعہ دارالعلوم کبیر والا ہیں جب کہ تمرین افتاء کا مرحلہ انہوں نے دارالعلوم کراچی میں طے کیا ہے۔مذکورہ کتاب میں ان اعمال کا تذکرہ ہے جو ''جنتی مرد'' بننے میں معاون ہیں۔مثلاً تقویٰ اختیار کرنا، جہاد کرنا، شب بیداری وتہجد گزاری، اتباع صحابہ، تجارت میں سچائی اختیار کرنا وغیرہ، تقریباً دو سو نوے عنوانات کے تحت قرآن وحدیث کی روشنی میں ان اعمال کا تذکرہ کیا گیا ہے جو انسان کو جنتی بناتے ہیں۔اسلوب کتاب سادہ اور دل نشین ہے۔آغاز میں مولانا مفتی انعام الحق مدظلہم (علامہ بنوری ٹاؤن) اور مولانا طارق جمیل مدظلہم کی تقریظات شامل



© rasailojaraid.com